P.R.NO.04/2024

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے قیام کے 41 اکتالیس سال مکمل ہو گئے

آج اکتالیسواں یوم تاسیس منایا جا رہا ہے

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 41 سال آج 24 جنوری 2024ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ اکتالیس سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تب سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا تھا بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں بھی اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج وفاقی محتسب کے ملک بھر میں 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 41 سال کے اس سفر کے دوران وفاقی محتسب کا ادارہ 21 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2023ء میں وفاقی محتسب نے ایک لاکھ 93 ہزار 28 شکایات کے فیصلے کئے۔ آج وفاقی محتسب کے تمام علاقائی دفاتر میں ادارے کے قیام کے 41 سال مکمل ہونے پر سادہ مگر پروقار تقاریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے:

وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 41 سال قبل 1983ء کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اللہ کے خصوصی فضل اور مہربانی سے اس ادارے نے اس عرصہ کے دوران لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کیا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے ہمیں اپنی بہترین صلاحیتیں مزید بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ سال رواں کے دوران میں ہماری کوشش ہوگی کہ ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ اس کے دائرہ کار میں مزید اضافہ کیا جائے چنانچہ اس مقصد کے لئے ہمیں مزید علاقائی دفاتر کھولنے کے ساتھ ساتھ دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد اور سرکاری دفاتر کے دوروں میں بھی اضافہ کرنا ہوگا نیز ادارے کے بارے میں عوام الناس میں آگاہی کے لئے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ساتھ رابطہ کے علاوہ آگاہی لیکچرز کا بھی اہتمام کرنا ہوگا۔ آیئے! آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور، اچھی حکومت کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنی اجتماعی کوششوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صدارتی حکم کے تحت قائم ہونے والے وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہریں گے،،

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

23 جنوری 2024ء